# اردو - ( کور )

# URDU (Core )

کل نمبر:100 وقت:3 گھنٹے

Maximum Marks:100 Time allowed:3 hours

## (حصّہ-الف)

1۔ درج ذیل (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 10

''اُنیسویں صدی کے آخر میں ایک فرانسیسی نوجوان کوبے تین نے اولمپک کھیلوں کو پھر سے شروع کرنے کی تحریک کی۔ اُس کا خیال تھا کہ دماغ کے ساتھ جسم کی نشوونما بھی ضروری ہے۔ وہ خود اولمپیا گیا اور وہاں اُس کو خیال آیا کہ کیوں نہ کھیلوں کے مقابلے بین الاقوامی سطح پر شروع کیے جائیں۔ اُس نے 1894ء میں دنیا بھر کے کھیل کود کے نمائندوں کو دعوت دی۔ یہ جلسہ بہت کامیاب ہوا اور سب نے تائید کی کہ اولمپک کھیلوں کو پھر سے شروع کیا جائے۔ چنانچہ سب سے پہلے یُونان کے شہر ایتھنز کا انتخاب ہوا اور 6/اپریل 1896ء کو پھر سے اولمپک کھیل شروع ہو گئے۔ اولمپک کھیلوں کی تاریخ میں کوبے تین کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا۔ 1896ء میں جب اولمپک کھیل دوبارہ شروع ہوئے تو صرف تیرہ ملکوں کے کھلاڑی شریک ہوئے۔''

i۔ اولمپک کھیلوں کو پھر سے شروع کرنے کی تحریک کس نے کی؟

ii۔ اولمپیا میں کوبے تین کو کیا خیال آیا؟

iii۔ کھیل کود کے نمائندوں نے کس بات کی تائید کی؟

iv۔ اولمپک کھیل پھر سے کب اور کہاں شروع ہوئے ؟

v۔ اولمپک کھیل جب دوبارہ شروع ہوئے تو اس میں کتنے ملکوں کے کھلاڑی شریک ہوئے؟

**یا**

''جان داروں کے سانس لینے، چیزوں کے جلنے جلانے، گلنے سڑنے اور گرد و غُبار کی وجہ سے ہوا گندی ہو جاتی ہے۔ ہم سانس باہر نکالتے ہیں تو اُس کے ساتھ کاربن ڈائی آکسائڈ کے علاوہ گرمی، نمی اور بعض دوسرے مادّے بھی نکلتے ہیں۔ یہ سب ہوا کو گندہ

کر دیتے ہیں۔ کسی بند کمرے میں زیادہ لوگ ہوں تو اکثر ہم بے چینی، گھٹن اور تکلیف محسوس کرتے ہیں۔ اس کا سبب گرمی کی زیادتی اور منہ سے نکلنے والی بدبو ہوتی ہے۔ ہمارے جسم سے خارج ہونے والے دوسرے مادّے جراثیم کے لیے غذا کا کام دے کر ان کی نشوونما میں مددگار ہوتے ہیں۔ معمولی سانس سے خارج شدہ ہوا میں جراثیم کچھ زیادہ نہیں ہوتے ہیں۔ لیکن انفلوئنزا، نمونیا، اور دِق کے مریضوں کے سانس میں ان امراض کے جراثیم بھی ہوتے ہیں۔ یہ جراثیم پاس رہنے والے دوسرے اشخاص کو بھی متاثر کر سکتے ہیں۔''

i۔ ہوا گندی کیوں ہوتی ہے؟

ii۔ ہمارے سانس کے ساتھ کیا کیا باہر آتا ہے؟

iii۔ بند کمرے میں ہم کیا محسوس کرتے ہیں اور کیوں؟

iv۔ ہمارے جسم سے خارج ہونے والے مادّے کیا کرتے ہیں؟

v۔ کن مریضوں کے سانس کے جراثیم دوسرے اشخاص کو متاثر کرتے ہیں؟

2۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

i۔ میرا پسندیدہ کھیل

ii۔ موسمِ گرماں کی چھٹیاں

iii۔ تعلیم کے فائدے

iv ۔ ہولی کا تہوار

v۔ اسکول لائبریری

vi۔ یومِ جمہوریہ

vii۔ برسات کا موسم

3۔ اپنے والد کو خط لکھ کر اپنی تعلیمی مصروفیات کے بارے میں بتائیے۔ 8

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔

4۔ درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھیے اور ایک مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 7

’’باشعور انسانی گروہ کو سماج کہتے ہیں۔ ہر انسان اپنے سماج کا ایک ذمّہ دار فرد یا رکن ہوتا ہے، فرد کی اپنی ایک انفرادی زندگی بھی ہوتی ہے۔ اس کا اپنا ایک دائرہ بھی ہوتا ہے۔ اسی طرح سماج کی بھی ایک اجتماعی زندگی ہوتی ہے، اس کا بھی ایک اجتماعی دائرہ ہوتا ہے یہی سماج ایک خاص ملک کے رشتے سے ایک خاص قوم بن جاتا ہے جیسے ہندوستان سے ہندوستانی قوم، امریکہ سے امریکی قوم وغیرہ۔ یہیں سے انسان کی زندگی میں انفرادی اور قومی آزادی کے تصوّرات پیدا ہوتے ہیں۔ چونکہ انسان، بنیادی طور پر ایک باخبر اور باشعور سماج کا ذمہ دار رکن یا شہری ہوتا ہے اس لیے تمام شہریوں کی آزادی مجموعی طور پر متعلّقہ سماج یا قوم کی آزادی کہلاتی ہے۔‘‘

یا

’’تعلیم جہاں علم حاصل کرنے اور بہتر زندگی گزارنے کا شعور عطا کرتی ہے وہیں معاش کا ذریعہ بھی ہے۔ اسی لیے یہ عورتوں کے لیے بھی اتنی ہی اہم ہے جتنی مردوں کے لیے۔ لیکن ہمارے ملک اور سماج میں ایک عرصے تک تعلیم پر اعلا طبقے کی اجارہ داری رہی ہے۔ پھر جب تعلیم عام ہوئی تو بھی عورتوں کی تعلیم کی طرف خاطر خواہ توجہ نہیں کی گئی۔ مردوں کے مقابلے میں آج بھی عورتوں کی اکثریت تعلیم سے محروم ہے۔ اس محرومی کی وجہ پرانی روایات اور سماجی دقیانوسیت ہے۔ پیدائش کے وقت سے ہی لڑکوں اور لڑکیوں کے درمیان امتیازات شروع ہوجاتے ہیں۔ لڑکوں کی پرورش اور تعلیم و تربیت کا انداز جدا ہوتا ہے اور لڑکیوں کی پرورش کا تعلیم و تربیت کا الگ۔‘‘

5۔ درج ذیل محاوروں میں سے صرف پانچ کے معنی لکھیے اور انھیں جملوں میں استعمال کیجیے۔ 10

(i) اپنے پاؤں پر کھڑے ہونا

(ii) چار چاند لگنا

(iii) جان میں جان آنا

(iv) پھولے نہ سمانا

(v) باغ باغ ہونا

(vi) ناک میں دم کرنا

(vii) پانی پھیرنا

(viii) ہتھیار ڈالنا

(ix) پگڑی اچھالنا

(x) میدان چھوڑنا

(xi) ہاتھوں کے طوطے اڑنا

(xii) آنکھوں میں دھول جھونکنا

6۔ 'دکان کرائے پر دینے' کا اشتہار بنایئے۔ 5

## (حصّہ - ب)

7۔ درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب دیجیے: 7

''گارو قبیلے کو ''آچک'' بھی کہتے ہیں ۔ یہاں کے لوگ اپنے مکانوں میں کھڑکیاں نہیں بناتے۔ کھڑی بنانے پر جرمانہ دینا پڑتا ہے۔ اس علاقے میں کپاس کی پیداوار ہوتی ہے اس لیے یہ لوگ اپنے کپڑے خود ہی بنتے اور رنگتے ہیں۔ دو گاؤں کے درمیان ایک سرائے ہوتی ہے۔ جسے ''آلدا'' کہتے ہیں۔ یہاں مسافروں کو ہر قسم کی سہولت مفت فراہم کی جاتی ہے۔ اس صوبے میں عام طور پر سیڑھی نما کھیت بنا کر کھیتی کی جاتی ہے۔ زمین کسی کی ملکیت نہیں ہوتی۔ یہاں کی فصلوں میں چاول، مکّا، جوار، آلو، اروی، سنترے، کیلے، لیچی، لیمو، اور تربوز وغیرہ کی پیداوار عام ہے۔ اس کے علاوہ چھالیا اور پان کے باغیچے بھی لگائے جاتے ہیں۔''

(i) ''آچک'' کسے کہتے ہیں؟

(ii) میگھالیہ کے لوگ مکانوں میں کھڑکیاں کیوں نہیں بناتے؟

(iii) 'آلدا' کسے کہتے ہیں؟

(iv) میگھالیہ میں کھیتی کیسے کی جاتی ہے ؟

(v) میگھالیہ کی فصلیں کون کون سی ہیں؟

یا

''یوراسینکے اس ملک کے گرینڈ ماسٹر ہیں۔ ان کی بی بی اور بیٹے اور فرینچ بولتی ہوئی بے حد خوبصورت بہو نے ہم لوگوں کا سواگت کیا اور حسب دستور بات بات پر ہاتھ جوڑ کر سر جھکاتی رہی۔ یہ لوگ سب کیمونو میں ملبوس تھے۔ ہمیں مختلف کمروں میں بٹھلا دیا گیا۔ ایک کمرے میں ڈونگر کیری واد یا اور میں مزے سے آلتی پالتی مار کر بیٹھ گئے مگر یوروپین خواتین وحضرات کی فرش پر بیٹھنے میں بڑی کمبختی تھی۔ پھر نہایت اہتمام سے کمرے کے سرے پر ایک خاص طرح کی کیتلی میں چائے تیار ہوئی اس کا چولہا فرش کے اندر ایک چھوٹے سے تہ خانے میں بنا تھا۔ ہم سب دم سادھے بیٹھے رہے کہ دیکھیے اب کیا ہوتا ہے؟ فضا پر زبردست

تقدس کا ماحول تھا۔ باہر بارش ہو رہی تھی۔ میں کمرے کے کونے میں بالکل دیوار سے لگی بیٹھی تھی۔ میں نے ذرا پیچھے مڑ کر دیکھا۔ اس کونے کی دیوار ذرا کھسکا دی گئی۔ اور اس میں سے باغ کا ایک گوشہ نظر آ رہا تھا۔ درختوں کے پتّے، باغ کے فرش کے پتھر اور بارش کی پھواریں اوپر سے نکلتی ہوئی روشنیوں میں جھل مل کر رہیں تھیں۔''

(i) یوراسینکے اپنے ملک میں کیا ہیں؟

(ii) یوراسینکے کے گھر والوں نے کس طرح سواگت کیا؟

(iii) یوراسینکے کے گھر والے کس لباس میں ملبوس تھے؟

i (v) کمرے میں چائے کی تیاری کا کیا اہتمام تھا؟

(v) دیوار کھسکی تو باغ کا منظر کیسا تھا؟

8۔ دعوت میں جانے اور نہ جانے دونوں سے متعلق مصنف نے کیا خیال ظاہر کیا ہے؟ دعوت کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے لکھیے۔ 5

یا

کہانی ' بڑے بول کا سر نیچا ' کا مرکزی خیال لکھیے۔

9۔ درج ذیل میں سے صرف چار سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 8

(i) میگھالیہ کی راجدھانی کا نام ''شیلانگ'' کس مناسبت سے ہے؟

(ii) سبق 'دعوت' میں ''قورمہ'' سے متعلق مصنف نے کیا مزاح پیدا کیا ہے؟

(iii) لتا کے گیتوں میں دو لفظوں کے بیچ کا فاصلہ کس طرح بھرا جاتا ہے؟

(iv) چچا چھکّن کے خط کو منصرم صاحب کی بیوی نے کیوں واپس کر دیا؟

(v) پروفیسر بخش کا مصنف نے کس طرح تعارف کروایا ہے؟

(vi) میرن صاحب نے غالبؔ کو مجروحؔ کے نام خط لکھنے سے کیوں باز رکھا تھا؟

(vii) ہندوستان اور امریکہ کی تہذیب میں کیا فرق ہے؟

(viii) مرزا فرحت اللہ بیگ نے پھول والوں کی سیر کا کیا منظر پیش کیا ہے؟

10۔ رباعی کسے کہتے ہیں؟ جگنموہن لال رواںؔ نے اپنی تینوں رباعیوں میں کن خیالات کو پیش کیا ہے؟ رباعیوں کی روشنی میں ان کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔ 10

یا

نظم ''پھول مالا'' کا خلاصہ پیش کیجیے۔

11۔ درج ذیل میں سے کوئی ایک شعری اقتباس غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے سوالوں کے جواب لکھیے : 10

چلو کہ چل کے سیاسی مقامروں سے کہیں — کہ ہم کو جنگ و جدل کے چلن سے نفرت ہے
جسے لہو کے سوا کوئی رنگ نہ راس آئے — ہمیں حیات کے اس پیرہن سے نفرت ہے
کہو کہ اب کوئی قاتل اگر ادھر آیا — تو ہر قدم پہ زمیں تنگ ہوتی جائے گی
ہر ایک موجِ ہوا رخ بدل کے جھپٹے گی — ہر ایک شاخ رگِ سنگ ہوتی جائے گی

(i) شاعر کو کس چلن سے نفرت ہے؟

(ii) شاعر کے نزدیک زندگی کا کون سا پیرہن نفرت کے قابل ہے؟

(iii) زمین کس کے لیے تنگ ہوتی جائے گی اور کیوں؟

(iv) ہوا کے رخ بدلنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

یا

یہ جو بارش ہوئی تو آخر کار — اس میں سی سالہ وہ گری دیوار
ایسے ہوتے ہیں گھر میں تو بیٹھے — جیسے رستے میں کوئی ہو بیٹھے
دو طرف سے تھا کتوّں کا رستہ — کاش جنگل میں جا کے میں بستا
ہو گھڑی دو گھڑی تو دھتکاروں — ایک دو کتّے ہوں تو میں ماروں

(i) بارش سے شاعر کے گھر کو کیا نقصان پہنچا ہے؟

(ii) شاعر اپنے گھر میں بیٹھ کر کیا محسوس کرتا ہے؟

(iii) شاعر جنگل میں جا کر کیوں بسنا چاہتا ہے؟

(iv) شاعر کتّوں کو نہ مارنے کی کیا وجہ بتا رہا ہے؟

12۔ درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے: 5

(i) مثنوی کے ہر شعر میں کتنے قافیے ہوتے ہیں؟

تین — دو — ایک

(ii) ’’آگرہ بازار‘‘ ڈراما کس کا ہے؟

رشید احمد صدیقی　　کرشن چندر　　حبیب تنویر

(iii) ’’پھول مالا‘‘ کس کی نظم ہے؟

چکبستؔ　　میرؔ　　ساحرؔ لدھیانوی

(iv) ’’گاؤں کی لاج‘‘ کس کا افسانہ ہے؟

کرشن چندر　　علی عباس حسینی　　اعظم کریوی

(v) ابنِ انشا کے انشائیہ کا کیا نام ہے؟

دعوت　　ذرا فون کرلوں　　گزرا ہوا زمانہ

[]<><><><><>[]